نے بحالت سفر حج آقائے دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم کی چوکھٹ پر مدینہ طیبہ میں پیغام اجل پر لبیک کہا اور جنت البقیع کے رشکِ جنت زمین میں آسودۂ راحتِ ابدی ہوئے۔ مرحوم کی وفات جہاں ایک عالم کی وفات ہے وہاں ایک گرانقدر دینی ادارہ اپنے سربراہ سے محروم ہوا۔ مرحوم سادگی اور بےنفسی تواضع و مسکنت میں اپنے بزرگوں کا نمونہ تھے۔ دارالعلوم حقانیہ اور الحق اس غم میں مرحوم کے پسماندگان اور مدرسہ خیرالمدارس کا شریکِ تعزیت ہے۔

حق تعالیٰ مولانا مرحوم کو بلند سے بلندتر درجات عطا فرماوے اور خیرالمدارس کو ان کا نعم البدل نصیب ہو۔

دوسرا حادثہ ہمارے علاقہ کے ایک جید محقق اور جری عالم و فاضل شخصیت حضرت مولانا سید امین الحق فاضلِ دیوبند طورو ضلع مردان کی جدائی کا ہے۔ مرحوم عرصہ سے صاحبِ فراش تھے۔ ایک بار اس سے قبل نہایت ثقہ اطلاع اور اخباری خبر سے ان کی وفات کا علم ہوا۔ اور الحق میں ان پر تعزیتی شذرہ آیا مگر یہ اطلاع اس وقت غلط تھی۔ الحق کو اس فروگذاشت پر از حد افسوس رہا مگر وقتِ موعود نے جب آنا تھا تو اس وقت کی غلط اطلاع اب سچی ہو گئی۔ کہ ہر ایک کو جانا ہے۔ جلد یا بدیر۔ غنیمت ہے کہ جن کی حیاتِ مستعار کے لمحات و انفاس دینِ حق کے کام آجائیں اور مولانا نے خطابت و تدریس کے ساتھ ساتھ قلم و قرطاس کی شکل میں بھی اس کا حق ادا کیا وہ کئی فاضلانہ کتابوں اور مقالات کے مصنف بھی تھے اور الحق کے ابتدائی سالوں میں اس کے مقالہ نگار بھی۔

دعا ہے کہ حق تعالیٰ مولانا مرحوم کو ان کی خدماتِ علمی و دینی اور حمیتِ حق کا صلہ اس عالمِ جاودانی میں عطا فرماوے جہاں اس صلہ سے بڑھ کر کوئی دولت و نعمت نہیں ہو سکتی۔

واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل۔

سمیع الحق

## دعواتِ حق جلد اوّل دستیاب ہے

ہم نہایت مسرّت سے اعلان کرتے ہیں کہ بالآخر حضرۃ شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ کے خطبات و مواعظ افادات و علوم پر مشتمل عظیم الشان ذخیرہ دعواتِ حق جلد اوّل جو عرصہ سے ناپید تھی اب دوبارہ شائع ہونے کے بعد دستیاب ہے۔ جلد اوّل یا دونوں جلدیں بعجلت طلب فرمادیں ورنہ کئی سالوں تک ممکن ہے انتظار کرنا پڑے۔ قیمت جلد اوّل ۲۵/- روپے جلد دوم ۴۰/- روپے۔ ملنے کا پتہ: مؤتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع پشاور۔